کا مفصل تذکرہ لکھا ہے۔ اس کے علاوہ چشتیہ سلسلے اور برصغیر کے تاریخی تعلق پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

تاریخ الحدیث | مصنف: قاضی عبدالصمد صارم فاضل دیوبند و فاضل جامعہ ازہر۔ ناشر: ادارۂ علمیہ ۵ دھنی رام روڈ۔ انارکلی لاہور۔ قیمت چار روپیہ۔ صفحات ۲۳۲۔

مولانا عبدالصمد صارم الازہری اورینٹل کالج لاہور میں ایک عرصے سے علوم عربیہ پڑھا رہے ہیں تصنیف و تالیف کا شغل بھی جاری ہے اور متعدد کتابیں آپ کے قلم سے نکل چکی ہیں۔ اب آپ نے علم الحدیث کے نام سے جدید تعلیم یافتہ حضرات کے لیے جو حدیث شریف کے بارے میں ابتدائی معلومات سے بھی بے بہرہ ہوتے ہیں یہ کتاب تالیف کی ہے اور اس موضوع سے متعلق کافی معلومات جمع کر دی ہیں۔ کتاب کا معیار کتابت و طباعت گرا ہوا ہے۔ بالخصوص کتابت کی غلطیاں تو بے شمار ہیں۔ امید ہے کہ آئندہ ایڈیشن زیادہ اہتمام سے شائع کیا جائیگا

حضرت عمرو بن العاصؓ | مصنف: سلام اللہ صدیقی جونپوری۔ ناشر: مکتبہ اسلامی ادب، اللہ پور (فاطمان) بنارس۔ ملنے کا پتہ: مکتبہ الہلال نخاس کہنہ الہ آباد (بھارت)۔ ادارۂ بتول ۴۔ اے ذیلدار پارک اچھرہ لاہور (پاکستان) قیمت ۲ روپیہ ۲۵ پیسے صفحات ۱۵۰۔

فاتح مصر حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا شمار ان کبار صحابہ میں ہے جنہوں نے تاریخ اسلام میں بہت گہرے نقوش چھوڑے ہیں۔ لیکن کچھ وجوہ ایسی پیدا ہو گئیں کہ مسلمانوں نے ان کی طرف نسبتاً کم توجہ دی، جس کی وجہ سے عام پڑھا لکھا طبقہ ان کے حالات و سوانح سے قریب قریب ناواقف ہے۔ جناب سلام اللہ صاحب صدیقی قابلِ ستائش ہیں کہ انہوں نے حضرت عمرو بن العاصؓ کے حالات کافی تلاش و جستجو کے بعد مرتب کیے ہیں۔ کتاب کا معیار کتابت و طباعت معمولی ہے۔